© rasailojaraid.com



# خَبَرنامَہ

ادارہ

## قرآن کریم اور اُبار کے قدیم شہر کی دریافت:

جنوبی عرب میں عمان کے ایک دور دراز علاقے میں آثارِ قدیمہ کے ماہرین کی ایک ٹیم نے ایک قدیم شہر دریافت کیا ہے۔ اس دریافت کا اعلان ۵ فروری ۹۲ء کو جنوبی کیلوفورنیا کی ہنٹنگٹن لائبریری سے کیا گیا۔ جنوبی کیلوفورنیا کے دو باشندے نکولس کلیپ ( NICHOLAS CLAPP ) اور جارج ہیجز ( GEORGE HEDGES ) نے ماہرین کی اس ٹیم کی تنظیم و رہنمائی کا کام انجام دیا۔ یہ ماہرین گذشتہ دس سال سے امریکہ، انگلینڈ اور عمان کے ماہرینِ آثارِ قدیمہ اور امریکی خلائی ادارے ناسا ( NASA ) کے سائنس دانوں کی ایک ٹیم کے ساتھ مل کر کام کر رہے تھے۔ قدیم نقشوں اور خلائی مطالعہ کے ذریعہ حاصل کی ہوئی معلومات کی مدد سے آثارِ قدیمہ کے یہ ماہرین اور محققین اس قدیم شہر کو کھوج نکالنے میں کامیاب ہو گئے ہیں جو مدتوں پہلے ریت میں دب کر صفحۂ ہستی سے مٹ چکا تھا اور جس کا کوئی نام و نشان باقی نہ بچا تھا۔ اس سلسلہ میں امریکی خلائی ادارے کے ذریعہ حاصل کی ہوئی تصاویر سے مدد ملی کیونکہ ان کے ذریعے ان قدیم شاہراہوں کا تعین ممکن ہو سکا جو اس شہر کو بیرونی دنیا سے جوڑتی تھیں۔ جنوب عرب میں ایک وسیع ریگستانی سلسلہ پھیلا ہوا ہے جو الربع الخالی کے نام سے جانا جاتا ہے۔ سائنس دانوں نے اسی علاقے میں ریت کے نیچے دفن اس قدیم شہر کو دریافت کیا ہے۔ ان کے اندازے کے مطابق قریب پانچ ہزار سال پہلے یہ ایک خوش حال، متمدن اور آباد شہر تھا۔ اس کے باشندے زیادہ تر کاشت کاری کرتے تھے۔ اس کے علاوہ وہ ایک خاص قسم کا لوبان تیار کرتے تھے جو مذہبی رسوم اور مردوں کی تدفین میں استعمال ہوتا تھا [illegible] قدیم سونے کی طرح اسے بھی بہت قیمتی سمجھا

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



جاتا تھا۔ اس شہر کے لوگ دوسرے ممالک کو یہ چیزیں برآمد کرتے تھے اور اس تجارت کے باعث بہت صاحبِ ثروت اور خوشحال تھے۔ اس زمانے میں غالباً وہاں پانی بکثرت دستیاب تھا اور یہ علاقہ آج کی طرح یکسر خشک اور بنجر نہیں تھا۔ شاید وہاں کچھ ندیاں بھی بہتی تھیں اور اس علاقہ میں چشمے اور کنوئیں بھی تھے جو بعد میں خشک ہو گئے۔ سائنس دانوں نے یہاں ایک عظیم الشان اور بڑے ستونوں والا قلعہ بھی دریافت کیا ہے جس کے ستونوں کا قطر ۱۰ فٹ اور طول بیس فٹ تھا اس سے وہاں کے باشندوں کی تہذیبی سطح اور فنِ تعمیر میں ان کی مہارت کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔

پھر کسی وقت یہ شہر کسی بڑی آفت کا شکار ہوا اور صفحۂ ہستی سے اس کا نام و نشان مٹ گیا۔ دنیا کے تمام مذہبی صحیفے اور قدیم تاریخی اور اساطیری دستاویزات اس شہر کے ذکر سے خالی ہیں۔ بائیبل میں بھی اس بستی کا کوئی تذکرہ نہیں ملتا۔ صرف قرآن مجید نے اس شہر اور وہاں کے باشندوں کا متعدد مقامات اور مختلف انداز میں ذکر کیا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی اس علاقے کا سفر نہیں کیا تھا، چنانچہ فطری طور پر انھیں کسی ایسے شہر سے متعلق کوئی اطلاع نہیں ہو سکتی تھی جو ریت کے نیچے دبا ہوا تھا اور دنیا میں آپ کی تشریف آوری سے سیکڑوں سال پہلے اس کا نام و نشان مٹ چکا تھا۔

چنانچہ زمین کے نیچے دفن اس شہر، اس کی تہذیب و تمدن، اس کے باشندوں کی خوش حالی اور ان کے طغیان و تمرد کی تفصیلات سے آنحضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خدائے علیم و خبیر کے علاوہ کسی اور ذریعے سے یہ معلومات حاصل نہیں ہو سکتی تھیں۔ اس سلسلہ میں قرآن مجید کے بیانات اور سائنس دانوں کی حاصل کردہ معلومات کا تقابلی مطالعہ کیا جائے تو بہت دلچسپ حقائق سامنے آتے ہیں اور دونوں میں غیر معمولی مشابہت پائی جاتی ہے۔ یہ قرآن مجید کی حقانیت کی ایک بہت بڑی دلیل ہے جو سائنسدانوں کی تحقیق روشنی میں آتی ہے۔ بلاشبہ جیسے جیسے انسانی علم و تحقیق کا قافلہ آگے بڑھتا جائیگا اسکے کبھی نہ ختم ہونے والے لامتناہی عجائب سے اسکی واقفیت میں بھی اضافہ ہوتا چلا جائیگا اور اسکی حقانیت کے مزید روز افزوں شواہد ملتے چلے جائینگے۔

قرآن مجید میں قوم عاد کا ذکر چوبیس مختلف مقامات پر آیا ہے اور اس شہر کو "عاد ارم" کے نام سے ذکر کیا گیا ہے۔ سائنس دانوں کی تحقیق یہ ہے کہ یہ ایک بہت قدیم شہر ہے جو پانچ ہزار سال سے بھی پہلے موجود تھا۔ قرآن مجید کا بیان بھی یہی ہے کہ اس قوم کا تعلق زمانہ قدیم سے ہے اور یہ حضرت نوح علیہ السلام کے بعد منصۂ شہود پر ظاہر ہوئے جیسا کہ سورۃ اعراف (۶۹)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



میں ارشاد ہے :

وَاذْكُرُوْٓا اِذْ جَعَلَكُمْ خُلَفَآءَ مِنْۢ بَعْدِ قَوْمِ نُوْحٍ — اور یاد کرو جبکہ اس نے تمہیں قوم نوح کے بعد ان کا جانشین بنایا۔

وہاں سے دریافت شدہ آثار کی روشنی میں سائنس داں اس نتیجہ پر پہونچے ہیں کہ یہ شہر بہت خوشحال تھا اور اس کے باشندے بہت متمول اور صاحبِ ثروت تھے۔ قرآن کہتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے انھیں قوی اور دراز قامت بنایا تھا چنانچہ ارشاد ہے :

وَزَادَكُمْ فِي الْخَلْقِ بَصْطَةً — اور جسمانی اعتبار سے تمہیں وسعت اور کشادگی عطا فرمائی۔ (الاعراف : ٦٩)

کچھ مفسرین نے اس کی تفسیر یوں کی ہے کہ یہ لوگ دراز قامت تنومند اور طاقت ور تھے اور خوشحال بھی تھے۔

ماہرینِ آثارِ قدیمہ نے وہاں عظیم الشان ستونوں والا ایک قلعہ اور بہت سی عمارتیں دریافت کیں اور اس سے بجا طور پر اس نتیجے پر پہونچے کہ اس قوم کو فنِ تعمیر میں بڑی مہارت حاصل تھی اور یہ بڑی بڑی عمارتیں تعمیر کرتے تھے۔ قرآن مجید کا بیان ہے کہ حضرت ہود علیہ السلام نے اپنی قوم سے کہا :

اَتَبْنُوْنَ بِكُلِّ رِيْعٍ اٰيَةً تَعْبَثُوْنَ وَتَتَّخِذُوْنَ مَصَانِعَ لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُوْنَ وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِيْنَ — کیا تم ہر بلندی پر عبث یادگاریں تعمیر کرتے رہو گے۔ اور شاندار محل بناتے رہو گے گویا تمہیں ہمیشہ یہیں رہنا ہے اور جب بھی تم کسی پر حملہ آور ہوتے ہو تو جبارانہ حملہ آور ہوتے ہو (الشعراء : ١٢٨ — ١٣٠)

سائنس دانوں کا خیال ہے کہ اگلے وقتوں میں یہ علاقہ بہت زرخیز تھا اور یہاں وافر مقدار میں پانی دستیاب تھا۔ اب یہ الربع الخالی کا ایک حصہ ہے اور حوادث زمانہ نے اسے پورا کا پورا ریگستان میں تبدیل کر دیا ہے اور بے شمار ریت کے ٹیلوں کا ایک مجموعہ ہے۔ اسے ریت کا ایک عظیم الشان سمندر کہا جا سکتا ہے۔

قرآن نے اس سرزمین کے لیے "الاحقاف" کا لفظ استعمال کیا ہے اور اس میں "الاحقاف" کے نام سے ایک پوری سورہ بھی ہے۔ جیسا کہ معلوم ہے احقاف کے معنی ہی ریت کے تودوں کے ہیں۔ قرآن میں ارشاد ہے:

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وَاذْكُرْ اَخَا عَادٍ اِذْ اَنْذَرَ قَوْمَهٗ بِالْاَحْقَافِ (الاحقاف : ۲۱)

اور تم عاد کے بھائی کو یاد کرو جب کہ اس نے اپنی قوم کو ریگ کے مستطیل تودوں پر جہاں کہ وہ آباد تھی ڈرایا۔

سائنس دانوں نے بڑے بڑے ستونوں والے ایک وسیع و عریض قلعے کے کھنڈرات کا بھی انکشاف کیا ہے جس کے ستون دس دس فٹ موٹے اور بیس بیس فٹ لمبے ہیں۔ اس سلسلے میں قرآن مجید میں ارشاد ہے۔

اَلَمْ تَرَ كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ اِرَمَ ذَاتِ الْعِمَادِ الَّتِيْ لَمْ يُخْلَقْ مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ۔ (الفجر : ۶ – ۸)

کیا تم نے دیکھا نہیں تمہارے رب نے اونچے اونچے ستونوں والے عاد ارم کے ساتھ کیا برتاؤ کیا جن کے مثل دنیا میں کوئی قوم پیدا نہیں کی گئی۔

ماہرین آثار قدیمہ کا اندازہ ہے کہ یہ شہر ۱۰۰۔۲۰۰ عیسوی کے درمیان موجود تھا پھر اس آباد اور خوش حال شہر پر کوئی ایسی زبردست تباہی نازل ہوئی جس نے اس کو زیر و زبر کر دیا۔ ان کا خیال ہے کہ یہ شہر ۱۰۰۔۲۰۰ ء کے درمیان اس وقت تباہ ہوا جب چونے پتھر کا وہ وسیع غار کسی باعث بیٹھ گیا جو اس شہر کے نیچے واقع تھا۔ ان کے تجزیہ کے مطابق جو شواہد دستیاب ہوئے ہیں وہ اسی طرف اشارہ کرتے ہیں۔ اسی لیے ان کو ان روایات کو ماننے میں تامل نہیں جن کے مطابق اس شہر کے باشندے اپنی بداعمالیوں اور بدکاریوں کی پاداش میں عذاب الٰہی میں گرفتار ہوئے اور اس طرح ان کا نام و نشان صفحۂ ہستی سے مٹ گیا۔ اس سلسلہ میں انھوں نے قصص و حکایات کا حوالہ دیا ہے۔

یہ بات افسوسناک ہے کہ ان ماہرین نے قرآن مجید کا مطالعہ نہیں کیا ورنہ انھیں قصص و حکایات کے حوالہ کی ضرورت نہیں پڑتی۔ یہ امر اس لیے اور بھی افسوسناک ہے کہ قرآن مجید نے اس شہر اور اس کے باشندوں کا تفصیلی ذکر کیا ہے۔ اگر انھوں نے قرآن مجید کا مطالعہ کیا ہوتا تو سارے حقائق عیاں ہو کر ان کے سامنے آجاتے اور شک و شبہ کی کوئی گنجائش باقی نہ رہتی۔ غار کے بیٹھ جانے اور عذاب الٰہی کے نتیجہ میں اس قوم کی ہلاکت میں کوئی تضاد نہیں ہے غار کا بیٹھ جانا خود عذاب الٰہی کا ایک نتیجہ ہو سکتا ہے۔ [illegible] بہت تفصیل سے ذکر کیا ہے۔ ارشاد باری ہے:

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وَاِلٰی عَادٍ اَخَاهُمْ هُوْدًا قَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ. قَالَ الْمَلَاُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ قَوْمِهٖ اِنَّا لَنَرٰىكَ فِيْ سَفَاهَةٍ وَّاِنَّا لَنَظُنُّكَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ (اعراف: ۶۵-۶۶)

اور عاد کی طرف ہم نے ان کے بھائی ہود کو بھیجا۔ اس نے دعوت دی، اے میرے ہم قومو! اللہ ہی کی بندگی کرو۔ اس کے سوا تمہارا کوئی اور معبود نہیں۔ تو کیا تم ڈرتے نہیں؟ اس کی قوم کے بڑوں نے جنہوں نے کفر کیا جواب دیا کہ ہم تم کو ایک کھلی ہوئی حماقت میں مبتلا دیکھتے ہیں اور ہم تم کو جھوٹوں میں گمان کرتے ہیں۔

یہ لوگ بتوں کی پوجا کرتے تھے۔ اپنے قد کاٹھ اور خوش حالی و فارغ البالی کے باعث شدید قسم کے کبر و غرور کا شکار ہو گئے تھے اور سمجھتے تھے کہ روئے زمین پر ان کا کوئی ہمسر نہیں ہے۔ اس لیے وہ کسی کو خاطر میں نہ لاتے تھے۔ قرآن مجید کا ارشاد ہے:

فَاَمَّا عَادٌ فَاسْتَكْبَرُوْا فِی الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ وَقَالُوْا مَنْ اَشَدُّ مِنَّا قُوَّةً اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِیْ خَلَقَهُمْ هُوَ اَشَدُّ مِنْهُمْ قُوَّةً (حم سجدہ: ۱۵)

رہے عاد تو انھوں نے زمین میں بغیر کسی حق کے گھمنڈ کیا اور بولے کہ ہم سے بڑھ کر طاقت میں کون ہے۔ کیا انھوں نے اس بات پر غور نہیں کیا کہ جس اللہ نے ان کو پیدا کیا ہے وہ ان سے زیادہ زور آور ہے۔

یہی وجہ تھی کہ نبی کی دعوت پر کان دھرنے اور اس کی وعیدوں سے عبرت حاصل کرنے کے بجائے انھوں نے اس کا مذاق اڑایا اور عذاب الٰہی کا مطالبہ کیا۔

فَاْتِنَا بِمَا تَعِدُنَا اِنْ كُنْتَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ (اعراف: ۷۰)

تو تم جس عذاب کی ہم کو دھمکی سنا رہے ہو اس کو لاؤ اگر تم سچے ہو۔

جب یہ انکار، تمسخر اور استکبار حد کو پہنچ گیا اور اصلاحِ احوال کی کوئی امید باقی نہ رہی تو سنتِ الٰہی کے مطابق یہ لوگ اپنی بداعمالیوں اور بدکاریوں کی پاداش میں عذاب میں گرفتار ہوئے۔ یہ عذاب ان کے اوپر ہوا کی صورت میں نازل ہوا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



فَاَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيْحًا صَرْصَرًا فِيْٓ اَيَّامٍ نَّحِسَاتٍ لِّنُذِيْقَهُمْ عَذَابَ الْخِزْيِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا (حم السجدة: ۱۶)

تو ہم نے ان پر چند منحوس دنوں میں ایک بلو تند بھیجی تا کہ ان کو دنیا کی زندگی میں رسوائی کا عذاب چکھائیں۔

اس عذاب کی ہمہ گیری، تندی اور اس کے نتیجہ میں برپا ہونے والی تباہی کی تفصیلات دوسرے مقامات پر پائی جاتی ہیں۔ ارشاد ہے:

فَاَمَّا عَادٌ فَاُهْلِكُوْا بِرِيْحٍ صَرْصَرٍ عَاتِيَةٍ سَخَّرَهَا عَلَيْهِمْ سَبْعَ لَيَالٍ وَّثَمٰنِيَةَ اَيَّامٍ حُسُوْمًا فَتَرَى الْقَوْمَ فِيْهَا صَرْعٰى كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ خَاوِيَةٍ (الحاقة: ۶-۸)

رہے عاد تو وہ ایک بے قابو باد تند سے برباد ہوئے اس کو اللہ نے سات رات اور آٹھ دن ان کی بیخ کنی کے لیے ان پر مسلط رکھا تم دیکھتے کہ وہ وہاں اس طرح پچھاڑے پڑے ہیں گویا کہ کھجوروں کے کھوکھلے تنے ہوں۔

سورۂ ذاریات میں ارشاد ہے کہ جس چیز پر سے بھی اس ہوا کا گذر ہوا کسی کو باقی نہیں چھوڑا سب کو چور چور کر دیا۔

مَا تَذَرُ مِنْ شَيْءٍ اَتَتْ عَلَيْهِ اِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيْمِ (ذاریات: ۴۲)

وہ جس چیز پر سے گذرتی، ریزہ ریزہ کر کے چھوڑتی۔

لیکن اللہ تعالیٰ نے اپنے فضلِ خاص سے اور اپنی سنت جاریہ کے عین مطابق حضرت ہود علیہ السلام اور ان کے رفقاء کو اس ہمہ گیر تباہی سے بچا لیا تھا۔ چنانچہ ارشاد ہے:

فَاَنْجَيْنٰهُ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَقَطَعْنَا دَابِرَ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا (اعراف: ۷۲)

پس ہم نے اس کو اور ان کو جو اس کے ساتھ تھے اپنے فضل سے نجات دی اور ان لوگوں کی ہم نے جڑ کاٹ دی، جنھوں نے ہماری آیات کی تکذیب کی۔

قرآن نے ایک دوسرے مقام پر عاد کے لیے عاد اولیٰ کا لفظ استعمال کیا ہے۔ ارشاد باری ہے:

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



وَاَنَّہٗ اَھْلَکَ عَادَ نِ الْاُوْلٰی　　اور اسی نے ہلاک کیا عاد اول کو۔

(والنجم: ۵۰)

اس سے یہ واضح اشارہ ملتا ہے کہ شاید قوم عاد کے باقی ماندہ لوگ یہیں کہیں مقیم رہے اور بعد میں ان کی بستی بھی کسی قدرتی حادثہ کے نتیجہ میں نیست و نابود ہوگئی۔ اوپر کی تفصیلات سے یہ بات واضح ہوگئی کہ سائنس دانوں کے انکشافات قرآنی بیانات سے بہت قریب ہیں۔ ان کے یہاں اس باب میں جو کچھ شک و شبہ پایا جاتا ہے اس کا بنیادی سبب یہ ہے کہ انھوں نے قرآن مجید کا بغور مطالعہ نہیں کیا اور یہاں وہاں کی بے سروپا داستانوں میں الجھ گئے۔ اگر انھوں نے براہ راست قرآن مجید کا مطالعہ کیا ہوتا تو نہ صرف یہ کہ ان کو تخمین وظن کا سہارا نہ لینا پڑتا بلکہ ان کو اپنی تحقیقات میں قرآنی شواہد سے بہت کچھ رہنمائی بھی ملی ہوتی اور ساری صورت حال آئینہ کی طرح صاف ہوکر سامنے آگئی ہوتی۔ کیونکہ یہ کتاب اس علیم وخبیر کی طرف سے نازل ہوئی ہے جو زمین و آسمان کے سارے اسرار سے واقف ہے۔ یہی وجہ ہے قرآن ہمیں بہت سے ایسے حقائق اور سچائیوں سے روشناس کراتا ہے جو نزولِ قرآن کے وقت لوگوں کے علم میں نہیں تھے۔ اب جدید انکشافات کی روشنی میں یہ باتیں روز بروز سچی ثابت ہوتی جارہی ہیں اور جیسے جیسے انسانی علم ترقی کرتا جائے گا قرآنی بیانات کی حقانیت واضح ہوتی چلی جائے گی۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ اس کتاب عزیز کو ہم حرزِ جاں بنالیں۔ اس پر غور وفکر کریں اسے سمجھنے کی کوشش کریں اور اس کی تعلیمات کے مطابق اپنی زندگیوں کو گذارنے کا اہتمام کریں۔ اسی میں ہماری دین ودنیا کی صلاح وفلاح ہے۔

(ترتیب وپیشکش: محمد راشد اصلاحی)

© rasailojaraid.com